دہشت گردی کی بڑی مثالیں گیارہویں صدی عیسوی میں بھی معلوم ہوئی ہیں۔ انہیں اسمٰعیلی جنہیں (Assassins) کہا جاتا ہے، نے شروع کیں' Assassins کا مطلب ہی قتل کرنا ہے اور انگلش لفظ Assassinate اسی سے لیا گیا ہے۔ ان اسمٰعیلی یا اساسین فرقہ کا رہنما حسن بن سبا تھا۔ اس فرقہ کے لوگوں نے صلاح الدین ایوبی کو کئی بار قتل کرنے کی کوشش کی۔ مگر اس میں ہمیشہ ناکام رہے۔ یہ لوگ سلجوقی فرقہ کے مخالف تھے۔ اور یہ لوگ بھی اپنے جسم کے ساتھ تلوار یا خنجر نما ہتھیار رکھتے تھے۔ ان کے خیال میں کسی دوسرے ہتھیار سے مخالفین پر حملہ کرنا غلط سمجھا جاتا تھا۔ یہ لوگ اپنے سیاسی مخالفین کو قتل کرنا ایک مذہبی فریضہ گردانتے تھے۔ لیکن تیرھویں صدی عیسوی میں منگول قوموں نے ان پر شدید ترین حملے کر کے ان کو بالکل ختم کر دیا۔ اور جو اس تباہی میں بچے ان کو اس قدر مجبور کیا کہ وہ اپنے عقیدے سے ہی پھر گئے۔ تیرھویں صدی سے اٹھارویں صدی تک تاریخ میں

دہشت گردی کی کسی خاص کارروائی کا ذکر نہیں۔ اگرچہ امریکہ میں ریڈ انڈین اور نو آباد انگریزوں کے درمیان ایسی جھڑپیں ہوتی رہیں۔ جن کو دہشت گردی کا نام دیا جا سکتا ہے۔ یورپ میں بھی چھوٹی چھوٹی دہشت گردیوں کی وارداتیں ہوتی رہیں۔ ہٹلر کو بھی ایک دہشت گرد کا نام دیا جا سکتا ہے کہ جس کے دنیا پر قبضہ کے خواب نے یہودیوں کے ساتھ ایسے سلوک اور مظالم کئے جو انسانیت کے نام پر دھبہ ہیں۔

تاریخ میں دہشت گردی کی شروعات انقلاب فرانس کے دوران کارروائیوں میں ہوئی۔ ۱۷۷۳ء میں Regine Dela Terror تحریک نے جنم لیا۔ اس تحریک کے نام سے ہی Terreur یعنی دہشت ظاہر ہوتی ہے۔ اس کا بانی رابس پرے تھا۔ اس تحریک کی دو شاخیں Girondins اور Gordeliers بہت زیادہ معروف ہیں۔ فرانس میں یہ تحریک شدید انتقامی کارروائیوں پر اتر آئی۔ اس کا سرغنہ رابس پر لے اپنی ہی دہشت گردانہ کارروائی کا شکار ہوا۔ اور اس کے ساتھیوں کو بھی قتل کر دیا گیا۔ Terror کے معنی ۱۷۹۶ میں ڈکشنری میں مثبت کارروائی کے طور پر لیے جاتے تھے۔ لیکن اس کے دو سال بعد یعنی ۱۷۹۸ء میں اس لفظ کے معنی منفی دہشت کے طور پر لیے جانے لگے جو آج بھی وہی ہیں ملی مارگرے تحریک ۱۸۷۰ء میں امریکہ میں ابھری۔ یہ مزدوروں کی تحریک تھی اور اس تحریک کو نہ صرف روس کے لوگوں کی حمائت حاصل تھی۔ بلکہ آئرلینڈ کے انقلاب پسندوں کی مدد حاصل تھی۔ اس تحریک نے ۱۸۷۰ء سے لیے کر ۱۹۱۰ تک امریکہ میں دہشت گردی کی بے شمار کارروائیاں کیں۔ ۱۸۸۶ء میں سب سے پہلا بم دھماکہ مارکیٹ چوک میں کیا۔ اس کے بعد دہشت گردی کی بڑی کارروائی ۱۹۰۵ء میں گورنر سٹائن برگ کا قتل تھا۔

۱۹۱۰ میں اس تحریک نے لاس انجلس ٹائمز بلڈنگ میں بم دھماکہ کیا۔ اس چالیس سالہ دور میں اس تحریک نے جو مزدوروں کی تحریک شمار کی جاتی ہے، نے بے شمار چھوٹی چھوٹی

کارروائیاں کیں اور وہ فیکٹری پولیس کے خلاف ڈٹے رہے۔

۱۸۷۰ سے ۱۹۱۱ء کے چالیس سالہ دور میں روس میں بھی بڑے پیمانے پر دہشت گردی ہوئی جو کہ روس کے شہنشاہ زار کے خلاف ہوئیں۔ یہ کارروائیاں روس کی تنظیم جس کا نام Narodanaya Volya ہے اس تنظیم کی طرف سے ہوئیں۔ حکومت نے اس گروہ کے ایک رکن کو واسکی کو گرفتار کرنے کا حکم دیا تھا۔ لیکن کو واسکی نے گرفتاری دینے سے انکار کیا۔ جس کے جواب میں سینٹ پیٹرز برگ کے گورنر جنرل اور اس تنظیم کے ارکان کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں زار کی سیاسی پولیس کا سربراہ جنرل میزن زیف قتل ہوا۔ ۱۸۷۹ء میں اسی تنظیم نے الیگزینڈر دوم کی پھانسی کا اعلان کر دیا۔ بلکہ اسی تنظیم نے زار روس کو اس وقت قتل کرنے کی کوشش کی۔ جب وہ ٹرین میں سفر کر رہا تھا۔ اس میں وہ کامیاب نہ ہوئے۔ لیکن اس کے علاوہ انہوں نے ۱۸۸۱ تک دہشت گردی کی کافی کارروائیاں کیں۔ جن میں سے اکثر کامیاب رہیں۔ لیکن مارچ ۱۸۸۱ء میں اس گروہ کے تقریباً سبھی لوگ گرفتار ہو گئے۔ جس کے باعث یہ تنظیم ختم ہو گئی۔ اس تنظیم کا نظریہ یہ تھا کہ اچھے مقصد کے لیے اور انقلاب لانے کے لیے اگر بے قصور لوگ بھی مارے جائیں تو وہ ملک کے لیے بہتر ہے۔ ۱۸۸۱ سے ۱۹۰۱ تک دہشت گردی کی وارداتیں تو ہوئیں۔ لیکن کسی تنظیم نے ذمہ داری قبول نہ کی۔ ۱۹۰۱ء میں روسی وزیر اعظم پر قاتلانہ حملہ ہوا اور سر عام فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ کرنے والے تنظیم کے رکن کا نام کووچ تھا۔ اسی تنظیم نے ۱۹۰۳ء میں دو روسی گورنروں اوبولنکی اور بگڈالووچ کو قتل کر دیا۔ ۱۹۰۴ء ۱۹۰۵ء کے دوران روسی وزیر داخلہ ہیلف کا قتل ہوا۔ اور ۱۹۰۵ء میں روس میں دہشت گردی کی کارروائیوں کی تعداد اچانک چون (۵۴) تک پہنچ گئی اور ۱۹۰۶ء میں زار روس کے خلاف یہ تعداد بیاسی (۸۲) ہو گئی۔ ۱۹۰۸ء میں کافی کارروائیاں ہوئیں۔ اس طرح ۱۹۰۹ میں اور ۱۹۱۰ء میں دو تین بڑی کارروائیاں ہوئیں۔ ۱۹۱۱ء میں اوپیراہاؤس پر حملہ کیا گیا۔ اس کارروائی میں حکومتی عہدیدار

سٹالن کو قتل کیا گیا۔ ان کارروائیوں نے پورے روس میں اس لڑاکا تنظیم کو شہرت دی۔

انقلاب روس جو ۱۹۱۷ء میں وقوع پذیر ہوا۔ اس کے بعد بھی کارروائیاں جاری رہیں اور کمیونسٹ لیڈر قتل کر دیئے گئے۔ اور لینن جو انقلاب روس کا رہنما تھا۔ اس کو بھی زخمی کیا گیا اس کے بعد بھی کارروائیاں جاری رہیں۔ لیکن لینن کی بہترین قیادت نے ان تنظیموں پر قابو پالیا گیا۔ اسی لڑاکا تنظیم کا سربراہ ماروزوف تھا۔

دہشت گردی پر ایک کتاب جس کا نام Revolutionary Catechism تھا میخائل بیکونن نے لکھی۔ اس کتاب میں تنظیم سازی کا طریقہ کار، دہشت گردی میں جن ہتھیاروں کا استعمال اور اس کی کارروائیوں کے بارے میں تھی۔ اس کتاب میں اہم دہشت گردوں کے حالات زندگی اور اس کی کارروائیوں کے متعلق معلومات تھیں۔ اس کتاب میں یہ اصول بھی تھا کہ تنظیم کے رکن کے تمام رشتے یا تعلق صرف انقلاب کے متعلق ہونے چاہئیں۔ اور غلط نظام کو ختم کرنا اور خود کو صرف اسی تنظیم کے لیے کام کرنا ہوگا۔ یورپ ۱۸۹۰ سے ۱۹۱۴ تک شدید دہشت گردی کا نشانہ بنا۔ ۱۸۹۴ء میں فرانسیسی صدر کارنٹ کے قتل کے بعد ۱۸۹۷ء میں سپین میں وزیراعظم انتونیو کارنورس کو قتل کر دیا گیا۔ ۱۸۸۱ میں ایک تنظیم جس کا نام انارکسٹ انٹرنیشنل تھا، نے ۱۸۹۳ء میں فرانس کے رہائشی علاقوں میں بمگرائے تھے اور دہشت گرد کا نام کلاں ڈیس راکول تھا۔ ۱۸۹۸ء میں دہشت گردی کے دوران آسٹریا کی ملکہ کو قتل کیا گیا۔ اور ۱۹۰۰ء میں اٹلی کے صدر اور بادشاہ امبرتو کو بھی دہشت گردی میں موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

انارکسٹ انٹرنیشنل نے 1894ء میں فدائی حملے کئے۔ اس کا رکن آگستے ویلاں کے خود بھی فرانس کی سرکاری عمارت پر بم پھینکنے کے دوران ہلاک ہوگیا۔ آگستے ویلاں کی ہلاکت کے ہوئے ہفتہ بعد پیریس سے ایملسنہری دہشت گرد۔ جہاں پر ایک شخص ہلاک اور بہت سے زخمی ہوئی اس تنظیم کا عقیدہ تھا کہ غلط حکومت میں کوئی شخص بھی بے گناہ نہیں

ہوتا'' یورپ ، امریکہ اور روس میں ۱۸۷۰ء سے لے کر ۱۹۱۷ء تک دہشت گردی کی وارداتیں ہوئیں۔ یہ تنظیمیں سیاسی عزائم رکھتی تھیں۔

چین میں دہشت گردی کی تنظیموں کو باکسر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انیسویں صدی کے دوران یہ تنظیمیں اپنی سیاسی سرگرمیوں کو یوگا اور جادو کے دہشت آمیز کمالات کے ساتھ عوام کو اپنے ساتھ ملا لیتی تھیں۔ ان کا نظریہ سیاسی نوعیت کا ہوتا تھا۔ اس کے بعد بیسویں صدی میں Red Spears اور Boxer Rebellion دو بڑی تنظیمیں پردہ پر نمودار ہوئیں۔ یہ جوئے بازی اور سمگلروں کے لیے کارروائیاں کرتی تھیں۔ اس کے علاوہ چین میں چھوٹی بڑی دہشت گردی کی تنظیمیں کچھ نہ کچھ کرتی رہیں۔

مشرق وسطےٰ میں فلسطین کے علاقہ میں دہشت گردی کی ابتداء ۶۶ ویں عیسوی میں ہوئی۔ جس میں یہودیوں کے عیسائیوں کے کلیساؤں وغیرہ پر حملے شامل تھے۔ پھر یہ دہشت گردی بیسویں صدی میں داخل ہوئی اور بیسویں صدی دہشت گردی کے لیے بدترین دور شمار ہوا۔ خاص کر اسرائیل کا ۱۹۴۸ء میں قیام۔ اس کے باعث اسرائیلی حکومت کے خلاف مسلمانوں کی کئی تنظیمیں فلسطین کو یہودیوں سے آزاد کرانے کے لیے وجود میں آئیں۔ جواباً اسرائیل کی طرف سے بھی کارروائیاں شروع ہوئیں۔ PLO کی تنظیم جس کا سربراہ یاسر عرفات ہے۔ ابھر کر سامنے آئی اور آج تک یہ تنظیم فلسطینیوں کے لیے برسرپیکار ہے۔ جارج ہباش کی تنظیم آزادی اور لیلےٰ خالد کی بلیک ستمبر ایسی ہی تنظیمیں ہیں۔ اس وقت پوری دنیا میں ہزاروں کی تعداد میں مختلف تنظیمیں کام کر رہی ہیں۔ ایسے ممالک جن کے اندر یہ تنظیمیں کام کر رہی ہیں۔ وہ انکو دہشت گرد قرار دیتے ہیں۔ جبکہ دوسرے ممالک ان تنظیموں کو سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے ان کو حریت پسند یا آزادی دلوانے کی تحریکیں قرار دیتے ہیں۔ بھارت میں اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ایک سو پچاس سے زائد گروپس ہیں۔ جو دہشت گردی میں مصروف ہیں۔ کچھ کشمیر میں برسرپیکار ہیں۔ آسام اور ناگالینڈ

اور میزو میں فریڈم فائیٹر آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ جن کو بھارت دہشت گرد گردانتا ہے اسی طرح بہار اور جنوبی سرحدی علاقوں میں پنشن کے قریب تنظیمیں کام رہیں ہیں۔ سری لنکا میں تامل ٹائیگر آف ایلم بھی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ اس کے علاوہ مافیا گروپس بھی ہیں۔ جو دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ یہ مافیا گروپس صرف جگا ٹیکس اکٹھا کرنے اور پیسے بٹورنے کے لیے دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ اسی طرح لوگوں کو اغوا کر کے تاوان وصول کرنا بھی دہشت گردی میں شامل ہے دنیا میں اس وقت کئی تنظیمیں کام کر رہی ہیں جو اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لیے ہر طرح کا کام سرانجام دینے کو تیار ہیں،

اسلام، جلاوطن مسلمان اور مغرب

عام طور پر یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ مغرب میں اسلام شدید خطرے میں ہے اور مسلمانوں پر سختی کی جاتی ہے۔ حالانکہ مغربی دنیا اور خصوصاً امریکہ میں تیزی سے پھیلنے والا مذہب اسلام قرار پایا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو وہ تمام حقوق اور مواقع حاصل ہیں جو کہ غیر مسلم شہریوں کو وہاں کا قانون دیتا ہے۔ ان ملکوں میں مساجد اور اسلامی سنٹرز کی تعمیر کے لیے حکومت گرانٹ دیتی ہے بلکہ یہ ادارے ٹیکس سے بھی مبرا ہیں۔ جرمنی جو ایک نسل پرست ملک خیال کیا جاتا ہے۔ وہاں پر بھی مذہبی آزادی ہے۔ ناروے میں مسلمان خاص طور پر ایشیائی باشندے اپنے حقوق کا دفاع اور اپنے مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں۔ اٹلی میں سعودی عرب کی امداد سے دنیا کا سب سے بڑا اسلامک سنٹر تعمیر کیا گیا ہے۔ ڈنمارک اور ہالینڈ میں ایشیائی باشندے اور پاکستانی مسلمان پوری آزادی سے پورے حقوق کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ برطانیہ میں حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر مسلمان کام کر رہے ہیں۔ لارڈ احمد، لارڈ سرور، لارڈ محمد نذیر پاکستانی نژاد ہونے کے باوجود لارڈ کے اعلیٰ عہدوں پر منتخب ہوئے۔ یہاں پر مسجدیں اور اسلامک سنٹروں کی تعداد دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔

بلکہ یہ لوگ حکومت سے گرانٹ بھی حاصل کرتے ہیں۔ آزادی سے تبلیغ کرنے کے حقوق بھی حاصل ہیں۔ اسی طرح امریکہ میں ہزاروں اسلامک سنٹرز موجود ہیں، بہت تعداد میں مسجدیں بھی ہیں، تبلیغی رسائیل اور اسلامی مواد بھی شائع ہوتے ہیں اور اسلام کی تبلیغ آزادی سے کی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ امریکی سفارت خانے بھی کسی نہ کسی طور پر اسلام کی تبلیغ کرنے میں عار نہیں سمجھتے۔ کیونکہ ان کے رسائل میں مسلم رائٹرز کے مضامین بھی شائع ہوتے ہیں۔ جو اسلام کے بارے میں شائع ہوتے ہیں۔ اس موضوع پر اگر لکھنا شروع کیا جائے تو اس کی کوئی حد نہ ہوگی۔ اسلام اور مسلمان مغربی دنیا میں زیادہ محفوظ ہیں اور مذہبی آزادی بھی زیادہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مغرب میں آزادی اظہار کے مواقع، انصاف، تمام شہریوں کو برابر حقوق اور فرقہ واریت سے پاک فضاء ہے۔ لیکن اگر اسلامی ممالک پر نظر دوڑائی جائے تو کہیں بھی وہ حقوق وہاں کے مسلمانوں یا رہائیشیوں کو حاصل نہیں جو مغرب میں ہیں۔ فرقہ پرستی نے ان اسلامی ممالک کو اپنی گرفت میں پکڑ رکھا ہے۔ مسلمانوں کی معاشرتی زندگی یا آزادیء اظہار تک کی اجازت نہیں۔ سعودی عرب میں حنبلی اور شافعی مسلک کی حکومت ہے۔ محمد بن وہاب کی تحریک کی بدولت اسے وہابی حکومت بھی کہا جاتا ہے۔ وہاں مختلف فرقوں کے مسلمان اپنی مرضی سے اور آزادی سے اپنے عقیدہ کو ظاہر ہی نہیں کر سکتے۔ خواتین کو ڈرائیونگ تک کی اجازت نہیں۔ حالانکہ عورت کو اسلام نے پورے حقوق دیئے ہیں۔ اخبار اور ٹیلی وژن پر کوئی آزادی سے بات نہیں کر سکتا۔ اس طرح ایران میں شیعہ فرقہ کی حکومت ہے۔ کویت میں بریلوی حکومت ہے اور دوسرے فرقے ان حکومتوں سے جائز حقوق کی بات بھی نہیں کر سکتے۔ پاکستان میں تو خیر فرقہ بندی کی انتہا ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ اسلام میں جتنے بھی فرقے پائے جاتے ہیں۔ ان کے پیروکار پاکستان میں پائے جاتے ہیں۔

ملاؤں کے القابات

Allama + Professor + Doctor +..... free for all titles

When one looks at the titles these so titles religious leaders carry with them one is curious to know from which University he got his PH.D ` what was his topic of research and the most important was his research work of such a high standard that he straighty away got his professorship as well if that be the case then his work should have been really astounding but this is not the case.

These so called professors doctors allamas are the products of the religious schools or madrassas and they have not been to a proper school let alone a proper University. What the tulabs or students are taught is quite evident nothing but roting the verses from the Quran with no idea of its contents and his tutor who too has been through this phase of roting.

One would like to know how these mullahs got these titles whether they were self bestowed or were bestowed upon them by their cronies or did they really get their doctorates from the dark and dinghy madrassas but who would be brave enough to ask such questions

بلکہ کئی فرقے تو پاکستان کی ہی پیداوار ہیں اور ان کے سربراہ اپنے ناموں کے ساتھ پروفیسر، ڈاکٹر، علامہ اور مفتی جیسے القاب لگا کر سیدھے لوگوں پر اپنی قابلیت کا رعب

جھاڑتے ہیں۔ اب یہ معلوم نہیں کہ دنیا کی کونسی یونیورسٹی نے ان علماء کو یہ ڈگریاں دی ہیں۔ یا کون سے ریسرچ ورک پر پروفیسر شپ حاصل ہوئی ہے۔ یا انہوں نے کون سا ایسا کام کیا ہے کہ علامہ اور مفتی کہلواتے ہیں۔ پاکستان کے لوگوں کی اکثریت ان القاب سے نابلد ہے اور وہ ان ملاؤں کی باتوں میں آ کر مسلک کے لیے مسائل کا باعث بن جاتے ہیں۔ بعض ایسے مولوی حضرات ہیں جو دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کو خواب میں پیغمبر اسلام نے اس قوم کو راہ راست پر لانے کا کام سونپا ہے۔ جن میں سرفہرست مولانا طاہر القادری ہیں۔ تقریر کے دوران ڈرامائی انداز اپناتے ہوئے ان پڑھ، توہم پرست اور مسائل میں گھرے لوگوں کو اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں۔ خود تو یہ لوگ امریکہ اور یورپ کے دوروں پر تبلیغی مشن پر آتے جاتے رہتے ہیں لیکن بے بس قوم جو پہلے ہی ہزار ہا مسائل میں گھری ہوئی ہے، ان کو مذہب کے نام پر بے وقوف بنایا جاتا ہے اور بلکہ لوٹا بھی جاتا ہے۔ البتہ ایران کی حکومت نے آٹھ کے قریب آیت اللہ مقرر کئے ہیں۔ جو مذہب کو Interpret کر سکتے ہیں۔ لیکن پاکستان میں کوئی ایسی Authority نہیں جو مذہب اسلام کو صحیح طور پر Interpret کر سکے۔

یہ تبلیغی لوگ اور جماعتیں امریکہ اور یورپ کا رخ کرتے ہیں۔ انہیں کے ملک میں جا کر انہیں کے خلاف شر انگیزی کرتے ہیں، وہاں رہائش پذیر لوگوں کو اسی حکومت کے خلاف بھڑکاتے ہیں جو ان کو برابر کا شہری قرار دیتے ہوئے پورے حقوق مہیا کر رہی ہے۔ کیا یورپ اور امریکہ میں مسلمانوں کو مذہبی آزادی نہیں؟ بالکل ہے۔ بلکہ ہمارے اسلامی ملکوں سے زیادہ وہ لوگ آزاد فضا میں رہ رہے ہیں۔ بلکہ جب کبھی انہی علماء کو فرقہ بندی یا کسی اور وجہ سے جان کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہ انہی مغربی ممالک میں جا کر پناہ حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ وہاں وہ حقیقتاً محفوظ ہیں۔ بلکہ وہ خود بھی اپنے آپ کو ان ملکوں میں محفوظ سمجھتے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو انہیں مغربی ممالک میں اصل اسلام نظر آتا ہے۔ جہاں پر سوشل ویلفیئر یا سوشل

سیکورٹی جیسے ادارے ہیں۔ جو اپنے کسی بھی شہری کو بھوکوں نہیں مرنے دیتے۔ بچے کی پیدائش سے لے کر اٹھارہ سال کی عمر تک اس کا دودھ اور تعلیم وغیرہ حکومت اٹھاتی ہے۔ جبکہ ہمارے ہاں لوگ فٹ پاتھوں پر اور درختوں کے نیچے زندگی گزارتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے معصوم بچے قالین بنتے یا ہوٹلوں میں چائے بیشی کرتے نظر آتے ہیں۔ جوان کے کھیلنے اور پڑھنے کے دن ہیں وہ اس میں اپنے خاندانوں کی کفالت کرتے نظر آتے ہیں۔ جبکہ دوسری جانب امراء مذہبی لیڈر اور سیاسی لوگ کسی کو بھی اپنی قوم کی پرواہ نہیں۔ وہ صرف اپنا مفاد سوچتے ہیں۔ اسلامی دنیا کے معروف عالم شیخ محمد عبدہ نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ

''میں نے پیرس میں اسلام دیکھا لیکن مسلمان کوئی نظر نہیں آیا۔ واپس مصر لوٹا تو وہاں مجھے ہر جگہ مسلمان ملے لیکن اسلام دکھائی نہ دیا۔''

اگر کوئی حکومت انتشار پھیلانے والوں پر سختی کرتی بھی ہے تو وہ کسی نہ کسی طرح سے مغربی ممالک میں پناہ حاصل کر لیتے ہیں۔ وہاں وہ اسی ملک کے خلاف بولنا شروع ہو جاتے ہیں جس نے ان کو نہ صرف حفاظت دی بلکہ سب کچھ مہیا کیا۔ کچھ ایسے ہی چند لوگوں کے بارے میں اس کتاب میں ذکر نا ضروری ہے کہ یہ لوگ جلاوطن ہو کر جب مغربی ممالک میں پناہ حاصل کر لیتے ہیں تو ان کے اور کیا مقاصد ہوتے ہیں اور اسلام کی خدمت کا دعویٰ ضرور کرتے ہیں لیکن ان رہنماؤں نے جو کچھ کیا ہے۔ وہ ہم سب کے لیے تکلیف کا مقام ہے۔ کیونکہ یہاں پر بھی اپنا مفاد حاصل کرنے کے لیے ان مغربی ممالک میں لیڈر بن کر انتشار پھیلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر مختلف ممالک سے جو لوگ آ کر یا جلاوطن ہو کر پناہ حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے تقریروں اور فلسفوں سے لوگوں کو متاثر کیا۔ مثلاً پاکستان کے ڈاکٹر کلیم صدیقی جنہوں نے پاکستان میں انقلابی سوچ کے حامل نوجوان طلباء کے ساتھ گروہ تشکیل دیا۔ ڈاکٹر صاحب کی فیملی یوپی (بھارت) سے ہجرت کر کے پاکستان بننے پر کراچی آئی اور کراچی میں آباد ہو گئے۔ کچھ ہی عرصہ بعد ڈاکٹر کلیم صدیقی لندن تعلیم حاصل کرنے

کے لیے چلے گئے۔ ان کے دوستوں اور رشتہ داروں نے ان کے تعلیمی اخراجات برداشت کیے۔ لیکن وہ لوگ جو ان کے انتظار میں تھے کہ وہ آ کر پاکستان میں اسلامی خلافت بنانے میں جدوجہد کریں گے۔ وہ انتظار ہی کرتے رہے۔ ڈاکٹر کلیم صدیقی نے صحافت کا پیشہ اختیار کیا، محنت کرتے کرتے انگلستان کے اخبار گارڈین سے وابستہ ہو گئے۔ لیکن انگریزوں کے درمیان ایک مسلمان اخبار نویس کا کام آسان نہ تھا۔ انہوں نے صحافت کے پیشے کو خیرباد کہا اور انگلستان میں بسنے والے مسلمانوں کے لیے مذہبی رہنمائی اور سیاسی رہنمائی کا کام اپنے کندھوں پر اٹھا لیا۔ اس میں ان کو بہت کامیابی ملی اور انہوں نے برطانیہ میں اسلامی ذبیحہ کے مطابق گوشت حاصل کرنے کے لیے لندن کے مسلمانوں کے لیے سلاٹر ہاؤس میں ایک خصوصی گوشہ الاٹ کروالیا۔ جہاں پر اسلامی طریقہ سے مسلمان قصاب گائے اور بکرے ذبح کرتا۔ بلکہ انہوں نے حلال گوشت کی فروخت کا کاروبار بھی شروع کر دیا اور خوب دولت کمائی۔ اس کے بعد ایران میں آیت اللہ خمینی کی قیادت میں شاہ ایران کا تختہ الٹا دیا گیا۔ اس میں ڈاکٹر کلیم صدیقی سب سے بڑے حامی تھے۔ تہران میں انقلابی طلباء نے امریکی سفارت خانے پر قبضہ کر کے اور سفارت کاروں کو یرغمال (Hostages) بنا کر دنیا کو جو پیغام دیا تھا۔ اس پس منظر میں برطانوی حکومت ایران کی نئی انقلابی حکومت سے سخت نالاں تھی۔ لیکن ڈاکٹر کلیم صدیقی لندن میں ایران کی حکومت کے حق میں مظاہرے کروا رہے تھے اور ساتھ ساتھ آیت اللہ خمینی کی روحانی قیادت کے حق میں مضامین اور کالم بھی لکھ رہے تھے اور انگلستان کی حکومت جو ان کو تحریر و تقریر کا جو حق دیا تھا۔ اس کا فائدہ انہوں نے خوب اٹھایا۔ اس وجہ سے انکا تعلق ایرانی حکومت کے ساتھ ہوا۔ حالانکہ وہ صدیقی تھے۔ یعنی اہل سنت والجماعت کے فرد۔ لیکن ایرانی پارلیمنٹ نے ان کو یہ عظیم الشان موقع فراہم کیا۔ کہ وہ اجلاس سے خطاب کریں۔ حالانکہ انگلینڈ کی حکومت کو خوب علم تھا کہ ان کے تعلقات ایرانی گورنمنٹ سے گہرے ہیں۔ پھر بھی برطانیہ میں ان کو

تنگ نہ کیا گیا۔ اس کے بعد سلمان رشدی کی کتاب شیطانی آیات Satanic (Verses) چھپی اور ایران پہلا ملک تھا کہ جس نے سلمان رشدی کے قتل کا فتویٰ صادر کیا۔ اور قاتل کو ۵ ملین ڈالر بطور انعام دینے کا اعلان کیا۔ ڈاکٹر کلیم صدیقی نے اس معاملہ میں بہت بڑھ چڑھ کر کردار ادا کیا۔ حالانکہ انگلینڈ رشدی کی حمایت اور ایران کی مخالفت کر رہا تھا۔ ڈاکٹر کلیم صدیقی نے مظاہروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ان گنت کاپیوں کو نظر آتش کیا پبلشر کے دفتر پر حملہ کر دیا۔ ان دو وجہات کی بناء پر ڈاکٹر کلیم صدیقی کا نام انگلستان بھر کے اخبارات میں آنے لگا۔ ڈاکٹر صاحب نے اسی پر بس نہیں کیا۔ نوے کے دہائی میں انہوں نے برٹش پارلیمنٹ کے مقابلے میں مسلم پارلیمنٹ بنانے کا اعلان کر دیا۔ ان کا یہ اقدام انتہائی غیر دانشمندانہ اور غیر آئینی تھا۔ ' کے خیال کے مطابق مسلمان برطانیہ میں بسنے والی دوسری بڑی اقلیت ہیں۔ اس لیے مسلمانوں کی پارلیمنٹ ضروری ہے۔ جہاں وہ اسلامی اصولوں اور قوانین کے مطابق فیصلے کریں۔ انہوں نے ایک اخبار ''کریسنٹ'' بھی نکالا۔ لیکن ان کی اس ڈیمانڈ سے انگلستان کے مسلمانوں پر اس کے انتہائی منفی اثرات مرتب ہوئے۔ اور ان کی وطن پرستی پر شک کیا جانے لگا اور یہ تاثر عام ہو گیا۔ کہ کبھی نہ کبھی انگلستانی مسلمان انگلستان کے عوام اور ملک کے بڑے دشمن ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس طرح سے انگلستان کے مسلمانوں پر حملے شروع ہو گئے۔ اور انگریز مسلمانوں کو اپنا دشمن سمجھنے لگے۔ اخبارات میں اس بات کو اچھالا جانے لگا۔ اور مسلمانوں کو جو انگلستان میں تحریر و تقریر کی آزادی ہے۔ اس پر اعتراضات کئے جانے لگے۔ اور کلیم صدیقی کو ایرانی ایجنٹ کہا جانے لگا۔ اگر ڈاکٹر کلیم صدیقی چاہتے تو مثبت طریقہ سے مسلمانوں اور اسلام کو فائدہ پہنچا سکتے تھے۔ لیکن انہوں نے مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکا کر اپنے وقتی فائدوں کو ترجیح دی۔ اگر انصاف سے دیکھا جائے کہ پاکستان میں کوئی بھی غیر مسلم کمیونٹی اپنی علیحدہ پارلیمنٹ کی ڈیمانڈ کرے تو کیا کسی بھی پاکستانی کو یہ بات پسند آئے گی؟ آج کل ڈاکٹر کلیم صدیقی

انگلینڈ میں اپنے محل نما گھر میں جو ایک قابل دید رہائش گاہ ہے، رہ رہے ہیں۔

دوسرے مسلمان راہنماؤں میں شیخ عمر عبدالرحمٰن قابل ذکر ہیں۔ جو مصر کے علاقہ السیوط میں پیدا ہوئے۔ یہ نابینا دینی عالم اور شدت پسند تحریک جمعہ الاسلامیہ کے بانی ہیں۔ ان کے ایک پیروکار خالد اسلامبولی نے مصر کے انور سادات کو قتل کیا۔ قاتل سمجھتا تھا کہ انور سادات امریکی ایجنٹ ہے۔ خالد کو تو پھانسی ہوگئی اور شیخ عبدالرحمٰن سوڈان میں ڈاکٹر حسن ترابی کے پاس جا پہنچے۔ وہ کافی عرصہ سوڈان میں بسر کرنے کے بعد جعلی نام سے امریکہ جا پہنچے۔ اور سیاسی پناہ لے لی۔ اور نیو جرسی کی مسجد میں امامت کرتے رہے اور پھر نیویارک آ کر میکڈانلڈ ایونیو پر مسجد عمر میں امامت اور خطابت کی۔ اگرچہ انہوں نے امریکہ میں سیاسی پناہ حاصل کر لی لیکن ان کی تقریر کا ہر لفظ امریکہ سے نفرت کا اظہار کرتا ہے۔ ہر تقریر میں وہ امریکہ کو اسلام کا دشمن اور عرب ملکوں کے حکمرانوں کو امریکی آلہء کار اور ایجنٹ کہتے ہیں۔ امریکہ میں مقیم مسلمان خاص طور پر عرب مسلمان ان کی تقریروں سے بے حد متاثر ہوتے اور بے پناہ اثر لیتے۔ بلکہ ان کی ہر تقریر ریکارڈ ہو کر مصر وغیرہ میں سمگل ہوتی۔ اور امریکہ کے مسلمان اور دوسرے ملکوں کے مسلمان ان کی تقریروں کے کیسٹس خرید کر ان کا بے پناہ اثر لیتے۔ بالکل اس طرح جس طرح آیت اللہ خمینی کی تقاریر کی کیسٹس ایران میں شاہ ایران کے خلاف کام کر رہی تھیں۔

۱۹۹۳ء میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے تہ خانہ میں بم دھماکہ ہوا۔ دہشت گردوں نے ورلڈ ٹریڈ سنٹر کو اڑانے کی کوشش کی تھی۔ لیکن بم اتنا طاقتور نہیں تھا۔ کہ یہ عمارت اڑ جاتا۔ لیکن پورے آٹھ سال بعد گیارہ ستمبر کو اس عمارت کو بم سے اڑانے کی بجائے ہوائی جہازوں کے ذریعہ Suicidal Attack حملہ کیا گیا۔ جس سے ہزار ہا بے گناہ جن میں بہت سے ملکوں کے لوگ شامل تھے، موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے۔ ۱۹۹۳ء والے حملہ میں شیخ عبدالرحمٰن کو ٹریڈ سنٹر کو بم سے اڑانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ اور ان کے ساتھ چھ اور عرب

مسلمانوں کو بھی گرفتار کیا گیا۔ یہ سب امریکہ کے شہری تھے۔ اس دھماکے میں پاکستان کے رمزی یوسف کو بھی نامزد کیا گیا۔ مقدمہ کے دوران یہ بھی پتہ چلا کہ جہاد افغانستان کے دوران شیخ عبدالرحمٰن پشاور میں بھی مقیم رہے اور یہاں سے ہی انہوں نے اپنے پیروؤں کو مصر میں حکم بھیجا تھا کہ حسنی مبارک کا خاتمہ ضروری ہو گیا ہے۔ مقدمہ کی کارروائی کے دوران شیخ عبدالرحمٰن صاحب دھماکے میں ملوث ہونے سے انکار کرتے رہے۔ لیکن جب مین ہٹن کی عدالت کے جج نے بھری عدالت میں ان کی آواز میں خفیہ کیسٹ کو چلا کر سنایا۔ جس میں وہ اپنے پیروکاروں کو ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور ہالینڈ (ٹنل سمندر کے نیچے نیویارک کو نیوجرسی سے ملانے والی سرنگ) کو بم کے دھماکے سے اڑانے کی ہدایت دے رہے ہیں تو ان کو ماننا ہی پڑا۔ اس طرح شیخ عبدالرحمٰن اور ان کے چار ساتھیوں میں سے دو کو رہا کر دیا گیا۔ اور ان کو سزا سنا دی گئی۔ سوچنے والی بات یہ ہے کہ ایسے شخص جس پر اس کے اپنے وطن کی زمین تنگ ہو گئی تھی۔ اس نے امریکہ میں سیاسی پناہ لی۔ ان کے اپنے وطن میں ان کو تحریر و تقریر کا حق نہ تھا۔ لیکن امریکہ میں بجائے اس کے کہ وہ آزاد فضا میں رہ کر دین اسلام کی خدمت کرتے۔ صحیح اسلام کی تبلیغ کرتے۔ تاکہ امریکی خوشی سے اس مذہب کو پسند کرتے لیکن وہ امریکی نفرت کا نشانہ بنے اور امریکہ میں مقیم چھ ملین مسلمانوں کو بھی نفرت کا نشانہ بنایا۔ اور خود بھی قید ہوئے۔ قید کی سزا سن کر انہوں نے بھر عدالت میں کہا تھا اللہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا ہوں۔

اسی طرح رمزی یوسف جن کا تعلق بلوچستان پاکستان سے ہے۔ وہ بھی ان ملزموں میں شامل تھے اس کو فلپائن کے دارالحکومت منیلا سے پکڑ کر امریکہ منتقل کر دیا گیا۔ ان پر مقدمہ چلا اور ان کو بھی ایک سو دس سال کی سزا سنائی گئی۔ سزا کے بعد رمزی یوسف کو ہیلی کاپٹر میں بٹھا کر جیل لے جایا گیا۔ ہیلی کاپٹر ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے نزدیک سے گزرا تو ایف بی آئی کے ایک ایجنٹ نے ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی طرف اشارہ کیا اور کہا دیکھو اس عظیم الشان عمارت

کو، یہ ویسے ہی شان سے کھڑی ہے اس پر رمزی نے کہا کہ میرے پاس رقم ہوتی تو میں یہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کو کبھی اس آب وتاب سے کھڑا نہ رہنے دیتا۔ لیکن اگر یہ مذہبی اور سیاسی لیڈر اپنے خود کے ملکوں کی برائیوں کو اسی تگ ودو سے دور کریں اور صحیح دین کی پیروی کریں اور کروائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمارے ملکوں کی معاشرتی برائیوں میں کمی نہ ہو ہے۔ اسی سلسلہ میں عمر بکری کا نام دینا بھی ضروری ہے۔ جن کا تعلق شام سے ہے۔ انہوں نے وکالت کرنے کے بعد اسلامی تحریک میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ وہ اسلامی خلافت کے زبردست حامی تھے۔ اس وقت شام کے صدر حافظ الاسد تھے۔ انہوں نے اسلامی خلافت کے قیام کے لیے زبردست کوششیں کیں۔ اور اس کو صحیح اسلام کا نام دیا اور انہوں نے جمہوریت، صدارت اور وزارت عظمیٰ کے خلاف آواز بلند کی، ان کو قید کر دیا گیا اور دو سال کی سزا ہوئی۔ انہوں نے جیل سے باہر نکل کر آمرانہ حکومت سے معافی مانگی اور آزادی کے کچھ عرصہ بعد وہ پھر اسی ڈگر پر چلنے لگے۔ ان کو دوبارہ چار سال کی سزا ہوئی۔ آزادی کے بعد ترکی پہنچے اور ایک دوست کے پاسپورٹ پر برطانیہ پہنچے برطانوی حکومت انکو خرچ دینے لگی۔ عمر بکری نے لندن المہاجرون تنظیم کی بنیاد رکھی اس تنظیم کی تعداد اتنی زیادہ ہوگئی اور اس کا ہولڈ بھی بہت ہو گیا۔ تب عمر بکری نے برطانوی حکومت کے خلاف اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کو انٹرویو دیئے اور کہا کہ وہ ایک اسلامی سلطنت برطانیہ کے اندر چاہتے ہیں۔ وہ برطانیہ اور یورپ کے نظام کو کھلم کھلا کافرانہ کہتے ہیں۔ حالانکہ یہ وہی ملک ہے جس نے بکری صاحب کو نہ صرف پناہ دی بلکہ وظیفہ بھی دیا۔ عمر بکری صاحب کے ان خیالات اور انٹرویو سے مغرب میں بسنے والے مسلمانوں کو بہت نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ کیونکہ ان کے خیالات کو اسلامی سمجھ کر امریکہ اور یورپ مسلمانوں سے شدید نالاں ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو اصلی دین سے ہٹا کر نفرت پھیلانے کی کوشش کی اور برطانوی مسلمانوں کو اپنی تقاریر اور انٹرویوز سے جتنا نقصان پہنچایا۔ اتنا برطانوی یہودی، عیسائی، ہندو اور دیگر کسر قسم

کے غیر مسلم نے بھی نہیں پہنچایا ہوگا۔ پاکستان میں تحریک خلافت کے علمبردار محترم ڈاکٹر اسرار احمد لندن کے انہی عمر بکری صاحب کو اپنا ہیرو قرار دیتے ہیں۔

حالانکہ عمر بکری نے برطانوی قوانین اور آئین کی شدید مخالفت کی۔ پھر بھی برطانوی حکومت نے ان کو گرفتار نہیں کیا۔ اور جب اسرائیل کے اخبار یروشلم رپورٹ میں عمر بکری کے تمام منفی خیالات کی رپورٹ چھپی۔ لیکن پھر بھی برطانوی حکومت نے ان کو کسی قسم کا نقصان پہنچنے نہیں دیا۔ حالانکہ ایک عرب ملک کے سفیر ڈاکٹر الفاحدی خفیہ طریقے سے عمر بکری کو مالی فنڈ مہیا کر رہے تھے۔ ان کو پھر بھی ملک بدر نہیں کیا گیا اور لمہاجرون کے نوجوانوں نے خلافت اسلامیہ کے موضوع پر کئی انگریز نوجوانوں پر حملہ کر کے شدید زخمی کر دیا۔ اس سانحہ سے یورپی ممالک میں اور خاص کر برطانیہ میں بے قصور مسلمانوں پر بہت برا اثر پڑا اور نوٹنگ ہل کے علاقہ سے برٹش پارلیمنٹ کے رکن مسٹر جارج راجرز نے پارلیمنٹ میں مسلمانوں کے خلاف تقریر کی اور کہا کہ برطانوی حکومت کو جلد از جلد ایسا قانون نافذ کرنا چاہئے جو مسلم انتہا پسندوں کی برطانیہ میں آمد کو روکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ برطانیہ میں ان لوگوں کو پورے حقوق حاصل ہیں پھر بھی یہ ملک میں افراتفری پھیلاتے ہیں۔

المہاجرون کے سربراہ عمر بکری کے ساتھی یاسر السری کو سکاٹ لینڈ یارڈ پولیس نے لندن میں گرفتار کیا۔ اگرچہ وہ ایک ادارے اسلامک آبزوریشن سنٹر کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کر رہے تھے لیکن اندرون خانہ وہ المہاجرون کے ورکر بھی تھے۔ ان کے بارے میں یہ بھی پتہ چلا کہ وہ عمر بکری کے ساتھی تھے اور ساتھ ہی اسامہ بن لادن کے بااعتبار ساتھی ایمن زاہراوی کے لیے بھی کام کرتے ہیں۔ یاسر السری نے ۱۹۹۳ء میں مصر کے وزیراعظم پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ لیکن ناکام ہونے پر ۱۹۹۴ء میں یمن کے جعلی پاسپورٹ پر سفر کر کے برطانیہ میں داخل ہو گئے تھے۔ ان لوگوں کے علاوہ اور بھی بہت سے لوگ ہیں کہ وہ اپنے ملک سے آ کر پناہ تو لے لیتے ہیں۔ لیکن اپنی لیڈری کو چمکانے کی کوششوں میں لگ جاتے

ہیں اور لوگوں کو اصل مقصد اور اصل راستہ سے دور کرنا ان کے لیے معمولی بات ہے۔ حالانکہ ان کو پناہ دینے والے ملک سے وفادار ہونا چاہئے۔ جہاں ان کی جان اور مال کی حفاظت کی جاتی ہے اور وہ ملک ان کو پورے شہری حقوق بھی دیتا ہے۔ ان کی تقاریروں اور مضامین میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ لوگ انکے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہوتے ہیں۔ پھر اپنی اس طاقت کو استعمال ضرور کریں لیکن دین کا وہ راستہ لوگوں کو دکھائیں جس سے وہ مذہب اسلام سے متنفر ہونے کی بجائے اس میں شامل ہوں اور اچھے شہری کہلوائیں۔ اور اپنے اپنے ملک کی معاشرتی برائیوں کے خلاف ضرور نعرہ بلند کریں لیکن جن ممالک میں ان لوگوں نے پناہ لے رکھی ہے وہاں بھی دہشت نہ پھیلائیں

پاکستان کی سلامتی اور مستقبل

پاکستان کے بارے میں اکثر بیرونی دنیا اور خاص کر امریکی اور مغربی دنیا میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ پاکستان کی سلامتی خطرے میں ہے۔ کیونکہ ان کے خیال کے مطابق پاکستان میں ابھی تک قومیت کا کوئی تصور نہیں۔ متحد رہنے کے لیے دین اسلام ایک واحد راستہ ہے۔ لیکن بدقسمتی سے اسلام فرقوں میں تقسیم ہو گیا ہے۔ صوبے ایک دوسرے سے شدید نفرت کرتے ہیں اور اپنے آپ کو پاکستانی کہنے کی بجائے، سندھی مہاجر، پنجابی، بلوچی، پٹھان یا سرائیکی کہلوانے میں زیادہ فخر اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔ سندھو دیش، جناح پور، پختونستان اور اس طرح سرائیکستان کے نعرے لگائے جاتے ہیں۔ کئی علیحدگی کی تحریکیں برسر پیکار ہیں اور رہی سہی کثر فرقوں نے پوری کر دی ہے۔ جیسے پنجابی، سندھی، مہاجر یا پٹھان پہلے بعد میں پاکستانی۔ اسی طرح شیعہ، سنی، دیوبندی، وہابی یا اہل حدیث پہلے اور بعد میں مہاجر، پنجابی، بلوچی، یا پٹھان بعد میں اور اسکے بعد پاکستانی۔

ملک کی ترقی کا کوئی منصوبہ ہو یا مذہبی رواداری کا، اس میں صوبائی یا فرقہ وارانہ مخالفت

پیش پیش ہوتی ہے۔

قائداعظم محمد علی جناح نے واضح الفاظ میں کہا تھا کہ پاکستان میں تھیاکریسٹوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ لیکن انہی تھیاکریسٹوں نے پورے ملک کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے اور ان کے خلاف بولنے والا کافر، مغربی دنیا کا ایجنٹ اور دشمن پاکستان کہلاتا ہے۔

جبکہ کوئی رواداری کا ذکر کرنے والا اور اقلیت کو دوسرے درجہ کا شہری نہ سمجھے والا یا کوئی بھی غیر جانبدار سیکولر یا لادینی ذہنیت کا حامل کہلاتا ہے۔ پاکستان میں قائداعظم محمد علی جناح کی تعلیمات صرف اخباروں، جرائد وغیر میں تو چھپ جاتی ہیں۔ لیکن ان پر کوئی بھی عمل کرنے کو تیار نہیں۔ قرآن کو اپنے فرقہ کے مطابق معنی دیدئے جاتے ہیں اور دوسرے فرقوں کے خلاف احادیث اکٹھی کر کے کیچڑ اچھالا جاتا ہے اور ان کو کافر تک قرار دینے میں عار نہیں سمجھا جاتا۔ علامہ اقبال نے ایک بہت خوبصورت شعر ان فرقہ پھیلانے والے مولویوں کے لیے لکھا ہے کہ

دین کافر و تدبیر جہاد
دین ملا فی سبیل اللہ فساد.

جس پاکستان کی خواہش قائداعظم محمد علی جناح نے کی اور جس کا خواب شاعر مشرق علامہ اقبال نے دیکھا تھا۔ یہ وہ پاکستان نہیں۔ بلکہ نفرتیں اس قدر بڑھ چکی ہیں کہ ایک دوسرے کو قتل کیا جاتا ہے۔ کافر کہا جاتا ہے اور غیر مسلم کا ٹائٹل دیا جاتا ہے۔ علامہ اقبال کے نزدیک فرقہ وارانہ کشیدگی اور تصادم مذہبی دیوانگی نہیں بلکہ سامراجی حکمت عملی کا شاخسانہ ہے۔ انہوں نے اپنے ایک مشہور مقالہ میں خبردار کیا ہے۔ جس کا تھوڑا سا ذکر کرنا ضروری ہے کہ مذہب میں مختلف فرقے اور برادریاں شامل ہوگئی ہیں۔ جو ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی دھن میں لگے رہتے ہیں اور پھر ہندوؤں کی ذات پات کے سسٹم کا اثر مسلمانوں پر پڑا اور مسلمان بھی ذات پات اور اونچ نیچ کے چکروں میں پڑ گئے ہیں۔ پاکستان میں اس

وقت ہزاروں ذاتیں ہیں۔ بلکہ مسلمان تہذیب پر ہندو اثر اتنا زیادہ ہے کہ مختلف فرقے اور برادریوں کے ساتھ ساتھ ذات پات کے دہرے نظام کی پیروی کی جانے لگی۔ انہوں نے مذہبی اور معاشرتی فرقہ واریت کے لعنتی نظام کی سخت خدمت کی۔

خدا کا آخری پیغام انسانیت کی آزادی اور مساوات کا پیغام ہے اسلام ایک ہے اور ناقابل تقسیم بھی اور اس میں وہابی، شعیہ اور سنی وغیرہ کا کوئی تصور نہیں۔ جب خود حقیقت کا وجود ہی خطرہ میں پڑ چکا ہو تب حقیقت کی مختلف تفسیروں اور تعبیروں پر جھگڑنا کہاں کی عقلمندی ہے۔

آج ہم قائداعظم محمد علی جناح کی روح سے شرمندہ ہیں۔ شاعر مشرق علامہ اقبال کی روح سے شرمندہ ہیں۔ حالانکہ فلسفہ تاریخ کے نامور پروفیسر ٹوئن بی نے فرقہ وارانہ مذہبی جنون کو پاکستان کی بقا کے لیے نہایت خطرناک قرار دیا تھا۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اس وقت کے دینی اور سیاسی قائدین کو اس بیان پر غور کرنا چاہئے تھا۔ لیکن کسی نے اس وقت اس بارے میں سنجیدگی سے نہیں سوچا، جس کا گردگردانا جارہا ہے اور فرقہ پرست اپنے مفاد کے لیے ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں اور ان لوگوں کو اس ملک کی بقا کی کوئی پرواہ نہیں۔ پاکستان کے خیر خواہ پاکستانیوں کو ان حالات سے بہت پہلے سے باخبر کرتے رہے۔ لیکن مذہب سے لاعلمی اور قرآن کی دینی تعلیم سے دوری اور جہالت کی بدولت پاکستانی عوام اپنے خیر خواہوں کی باتوں کو نہ سمجھ سکی اور موقع پرست کے ہاتھوں کھلونا بن گئی۔ جس نتیجے میں پاکستان ایک ناکام مذہبی ریاست قرار پایا جانے لگا۔ برطانوی دانشور برنارڈ شا کے یہ الفاظ ہر پڑھے لکھے اور باشعور پاکستانی کو معلوم ہی ہوں گے کہ

"اسلام دنیا کے دیگر مذاہب میں سے سب سے بہتر مذہب لیکن مسلمان سب سے بدترین قوم!

برنارڈ شا کے یہ الفاظ کس قدر صحیح ہیں اور آج کے مسلمان پورے اترتے ہیں۔ اس

طرح اسلامی دنیا کے معروف عالم شیخ محمد عبدہ نے ایک بیان میں کہا تھا کہ:

''میں نے پیرس میں اسلام دیکھا لیکن مسلمان کوئی نہ دیکھا لیکن مصر میں مسلمان دیکھے لیکن اسلام نظر نہ آیا''

بلکہ تقریباً ہر اسلامی ملک میں مصر جیسا ہی حال ہے۔ کیونکہ آج کے مسلمان اسلام کو چھوڑ چکے ہیں انکا اسلام مزاروں اور درگاہوں کے گرد گھومتا ہے اور شرک کرتے نظر آتے ہیں۔ قرآن کے الفاظ رب زدنی علما کے الفاظ کو بھلا کر غلط راستوں پر پڑ گئے ہیں۔ بنیاد پرست علماء کے نظریات اس قدر غیر اسلامی ہیں کہ لکھتے ہوئے بھی دل کانپ جاتا ہے۔

قرآن کی تلاوت تو کی جاتی ہے۔ لیکن اس کے احکامات پر کوئی عمل نہیں کیا جاتا۔ نمازیں ضرور پڑھی جاتی ہیں اور مساجد میں نمازیوں کی تعداد بھی قابل دید ہوتی ہے لیکن کسی کو مذہب کی بنیاد پر نفرت کرنا بلکہ قتل تک کرنا بھی غلط نہیں سمجھا جاتا حالانکہ جان لینے کا حق صرف اور صرف اس خدائے برتر کو ہے۔ جب تک عمل نہیں اس وقت تک سب نام کے مسلمان تو کہلوائے جا سکتے ہیں لیکن عملی طور پر وہ مذہب کو بدنام کرتے ہیں۔ کیونکہ عمل کرنے سے ہی اللہ کی خوشنودی حاصل ہوگی۔ وہ صرف نام کے مسلمان ہو کر ہی رہ گئے ہیں۔

اس وقت پاکستان میں غیر سرکاری اعداد و شمار کے مطابق شرح تعلیم صرف چودہ فیصد ہے۔ تعلیمی معیار انتہائی گرا ہوا ہے۔ بڑے شہروں میں سکولوں کی تعداد تو کافی ہے۔ لیکن ان میں ایک جیسا سلیبس نہیں۔ کوئی انگلش میڈیم سکول ہے اور کہیں پر اردو میڈیم سکول ہیں اور کہیں عربی کی تعلیم پر زور دیا جاتا ہے۔ انگریزی سکولوں والے اردو میڈیم سکولوں کے طلباء کو گھٹیا سمجھتے ہیں۔ اور اردو والے انگریزی سکولوں کے طلباء کو براؤن انگریز کہتے ہیں۔ جبکہ مدرسوں میں پڑھنے والے سبھی گنہ گار اور کافر کہلائے جاتے ہیں۔ گاؤں کے سکول میں سکول

کی عمارت تو ہے لیکن نہ کوئی استاد ہے نہ کوئی سٹاف۔ صرف گورنمنٹ سے تنخواہیں وصول کر لی جاتی ہیں۔ کوئی چیک کرنے والا نہیں کہ معلوم کرے کہ سکولوں کی کیا حالت ہے۔

قائداعظم محمد علی جناح کی تقریروں اور بیانات میں فرقہ پرستی اور صوبائی تعصب کو سخت ناپسند کیا گیا ہے۔ لیکن پاکستانی عوام کو ان بیانات، تقاریر اور قرآن کے دین سے دور رکھا گیا ہے۔ اور مذہب کے ٹھیکے داروں نے اپنے مفاد کے لیے پاکستانی عوام کو غلط راہوں پر ڈالنے کے نہ صرف ہتھکنڈے ہی استعمال کئے ہیں بلکہ ان کو آپس میں لڑوایا بھی گیا ہے اور اس میں کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ آج ملک میں انتشار، بے چینی، بے قراری، بے یقینی، اور بے راہ روی کی کیفیت ہے۔ ہر شخص مسائل میں گھرا ہوا ہے۔ مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔ لیکن اس کا حال کوئی نہیں سوچ رہا۔ حالانکہ اگر یہ لوگ چاہیں تو ملک کے اندرونی حالات بہت حد تک بہتر ہو سکتے ہیں۔ جب بھی کوئی مصیبت یا فساد یا انتشار ملک میں ہوتا ہے تو اس کا الزام سیدھا امریکہ یا مغربی ممالک کو دے دیا جاتا ہے۔ لیکن خود کوئی مذہبی یا سیاسی لیڈر بھی اپنا خود کا احتساب نہیں کرتا۔ بنکوں سے قرضے لے لے کر اپنی جائدادیں بنائی جاتی ہیں یا روپیہ باہر کے ملکوں کے بنکوں میں جمع کروا دیا جاتا ہے۔ لیکن اس کی کوئی پکڑ نہیں۔ اپنے آپ کو بالکل بے گناہ کہا جاتا ہے اور سارا الزام غیر ملکی ایجنٹوں کے سر تھوپ دیا جاتا ہے۔ انتہا پسند یہ لوگ اپنی تقاریر اور بیانات میں اس درجہ تک بڑھ جاتے ہیں کہ لوگوں میں آپس میں نفرت کی دیواریں بلند سے بلند ہوتی جا رہی ہیں۔ اصل میں یہ سب کھیل صرف ذاتی فائدے کے لیے کھیلے جاتے ہیں۔ کیونکہ وہ پھر عیش کی زندگی کیسے بسر کریں گے۔ اپنے بچوں کو امریکی یا غیر ملکی یونیورسٹیوں اور سکولوں میں کیسے تعلیم دلوائیں گے۔ باہر کے ملکوں میں محل نما گھر کیسے تعمیر کروائیں گے۔ پاکستان میں عیاشی کی زندگی کیسے گزاریں گے۔ اسی لیے پاکستان کو یہ لوگ مگرمچھ کی طرح سے آہستہ آہستہ نگل رہے ہیں۔ حالانکہ یہ ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ جب وطن ہی نہ ہوگا تو پھر عیاشی کس طرح ہوگی۔

پاکستان کے شہر کراچی میں دہشت گردی اور دہشت گردوں نے اتنی کامیابیاں حاصل کر لی ہیں۔ کہ امریکہ کے ایک ممتاز اخبار ''کرسچین سائنس مانیٹر'' کے رپورٹر Robert Marquand نے اپنی ایک مفصل رپورٹ میں کراچی کو World's terrorist Capital کے عنوان سے یاد کیا ہے۔ ان سب حالات کو دیکھ کر اگر اب بھی فوری اقدامات کئے جائیں اور تعلیمی اور نظریاتی نظام کو مضبوط بنایا جائے فرقہ واریت کو کچلنے کے اقدامات کئے جائیں۔ لوگوں میں صحیح اور غلط کا شعور پیدا کیا جائے۔ مذہبی انتہا پسندوں کی حوصلہ شکنی کی جائے اور ثبوت ملنے پر ان کو کڑی سزائیں دی جائیں۔ صحیح دین اسلام نافذ کیا جائے۔ قرآن کی تعلیمات پر عمل کیا جائے۔ اقلیتوں کو مساوی حقوق دیئے جائیں اور ہر شخص کی جان و مال محفوظ ہو اور قائداعظم کے ارشادات کو صرف اخبارات کی زینت نہ بنایا جائے بلکہ ان پر عمل کیا جائے۔ تو شائد کوئی بہتر صورت پیدا ہو جائے اور پاکستان حقیقت میں ایک ایسی سٹیٹ بن جائے جس کا خواب علامہ اقبال نے دیکھا تھا۔ اور جس کی بنیاد قائداعظم محمد علی جناح نے رکھی تھی۔ اگر اب بھی کچھ نہ کیا گیا تو یہ بھی ممکن ہے کہ پاکستان پر دہشت گردوں کے خاتمہ کے نام پر حملہ کر کے اسے نیست و نابود کر دیا جائے گا۔ صوبوں کو چھوٹے چھوٹے ممالک بنا دیا جائے گا اور پاکستان ایک ایسی تاریخ بن کر رہ جائے گا۔ جس کو ہمیشہ برے الفاظ سے یاد کیا جائے گا۔

لکھ لکھ کے داستان غم ہم تھک گئے انیس
شائد کبھی تو ظلم کی یہ رات ختم ہو

اس کتاب کی تیاری کے دوران مجھے ریفرنس کے لیے مختلف کتابوں کا مطالعہ کرنے کا شرف حاصل ہوا اور مجھے کرنل نثار ترین جاذب کا شعری مجموعہ بنارو داد چمن نظر سے گزری۔ جس میں شکوہ آشوب وطن کے نام سے ایک بہت خوبصورت نظم لکھی ہے۔ جس میں انہوں نے اپنے وطن کی بے بسی کا حال بیان کیا ہے۔ اس میں سے چند قطعات حاضر خدمت

ہیں۔

اب بھی مسجد تو نئی روز بنی ہوتی ہے
آج بھی بھیڑ نمازوں میں لگی ہوتی ہے
اب بھی قرآن کی تلاوت تو بڑی ہوتی ہے
اب بھی دکان تو مذہب کی سجی ہوتی ہے
اس کے برعکس یہ ہر سمت جہالت کیوں ہے
پھر مسلماں کو مسلماں سے عداوت کیوں ہے

کہیں مسجد کی امامت کے لیے ہے جھگڑا
کہیں تقسیم تبرک پہ ہے چاقو چلتا
صحن مسجد میں بھی ہوجاتا ہے کیا کیا پھڈا
ہاں محرّم میں بھی ہوجاتے ہیں فتنے برپا
جانے کیا ہو گیا اس قوم کے فرزانوں کو
قتل کرتے ہیں مسلمان مسلمانوں کو

ہر طرف لوٹ ، زنا، ظلم، تشدد، بیداد
قتل غارت گری، آتشزنی، ہڑ بونگ فساد
غیریت، بغض، ضرر، رنج وغضب کی افتاد
اور پھر سوچتے ہیں آئیگی غیبی امداد
کیا ہوا ایک ہی قندیل کے پروانوں کو
کیوں مٹاتے ہیں مسلمان مسلمانوں کو

ہم نے قرآن کو طاقوں میں چھپا رکھا ہے
ہم نے مذہب کو کھلونا سا بنا رکھا ہے

دین اسلام کا فانوس بجھا رکھا ہے
ہم نے تو آج خدا کو بھی بھلا رکھا ہے

اور اس پر ہے یہ دعویٰ کہ مسلمان ہیں ہم
مجھ کو اس پہ بھی شک ہے کہ انسان ہیں ہم

جو حکومت بنی خود بین رہی، مفرور رہی
جو حکومت بنی ناواقف دستور رہی
جو حکومت بنی بیگانہء جمہور رہی
جو حکومت بنی مذہب سے بہت دور رہی

جڑ ہی سے کاٹا مگر قوم کو لوٹا اس نے
جس قدر لوٹ سکا ملک کو لوٹا اس نے

کبھی اسلام ہے خطرے میں بتایا ہم کو
کبھی کشمیر کی سرحد پہ کٹایا ہم کو
اصل مقصد سے بہت دور ہٹایا ہم کو
اس طرح اپنے اشاروں پہ نچایا ہم کو

ان کی غداری پہ غدار بھی شرما جائیں
اس مسلمانی پہ کفار بھی شرما جائیں

یہ چمن لوٹ لیا مل کے چمن والوں نے
یہ وطن لوٹ لیا مل کے وطن والوں نے

الیگزنڈر ہملٹن کے بقول

"those who stand for nothing fall far anything"